محترمہ سیما عادل

محترمہ سیما عادل 24 جون 2022ء کو جنرل پبلک (اقلیتی شیئر ہولڈرز) کی نمائندگی کرتے ہوئے، ماری پٹرولیم کے بورڈ پر انڈیپنڈنٹ اور نان ایگزیکٹو وڈائریکٹر منتخب ہوئیں اور آپ ٹیکنیکل اور انوسٹمنٹ کمیٹی کی ممبر بھی ہیں۔

آپ ایک کوالیفائیڈ کیمیکل انجینئر ہیں اور آپ پاکستان کی آئل اینڈ گیس انڈسٹری میں 33 سال کا تجربہ رکھتی ہیں۔

آپ کی شیل پاکستان لمیٹڈ میں 30 سالہ خدمات، مارکیٹنگ، سپلائی، ڈسٹری بیوشن، ٹیکنیکل سپورٹ اور بزنس پروسیس ری انجینئرنگ جیسے شعبوں میں رہی ہیں۔ آپ نے بطور مینجمنٹ ٹیم ممبر بھی اپنی خدمات سرانجام دی ہیں اور شیل پاکستان لمیٹڈ نے اپ کو PAPCO بورڈ پر بطور ڈائریکٹر بھی نامزد کیا۔

بعد ازاں، آپ پاکستان ریفائنری لمیٹڈ میں 3 سال تک ڈپٹی مینجنگ ڈائریکٹر کے عہدے پر فائز رہیں۔ ریفائنری لیڈرشپ ٹیم کی سینئر ممبر کے طور پر انہوں نے پلانٹ آپریشنز، آئل کی ترسیل، کمرشل سرگرمیوں، کروڈ اکنامکس، قیمتوں کے تعین اور HSEQ جیسی سرگرمیوں کی براہ راست نگرانی کی اور ISO معیار کو یقینی بنانے کے لیے انتظامیہ کی نمائندہ رہیں۔

آپ کی قائدانہ صلاحیتیں، مسابقتی اور متنوع ماحول میں نتائج حاصل کرنے اور ان میں مزید بہتری حاصل کرنے پر مرکوز رہتی ہیں۔ آپ کارپوریٹ اہداف اور توقعات کے حصول کے لیے کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی کراس فنکشنل اور کراس ریجنل ٹیموں کی تعمیر اور حوصلہ افزائی کرنے میں ماہر ہیں۔ آپ ایک تجربہ کار پروگرام / پراجیکٹ مینجر بھی ہیں۔

آپ درمیانی درجے سے لے کر بڑی کمپنیز کی کارپوریٹ گورننس کا تجربہ بھی رکھتی ہے ہیں۔

محترمہ سیما عادل اس وقت Wyeth Pakistan Limited کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی ممبر بھی ہیں۔